حساب وہ علم ہے کہ اعداد معلومہ سے اعداد مجہولہ کو

پہچان لیویں

خلاصۃ الحساب

مبادی الحساب

زبدۃ الحساب

تسہیل الحساب

مبادی الحساب

حصۂ اول

تصنیف کیا ہوا پنڈت موہن لال کا

بمنظوری جناب مستطاب معلی القاب ایل بورنگ صاحب بہادر چیف کمشنر میسور

بحکم جناب جے گیارٹ صاحب بہادر دائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن میسور

اہتمام سے منشی خواجہ محمود صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس میسور کے

مطبع فردوسی بنگلور میں چھپا

سنہ ۱۸۶۵ع

فہرست

مضامین مبادی الحساب حصہ اول

مبادی الحساب

پہلی فصل

علم حساب مین اول عددون کی صورت اور طاقت پہچاننی ضرور ہے
اعداد کے لیے دس شکلین مقرر ہین کہ انکو ہندسے کہتے ہین اور انکی صورت اور نام یہ ہین

ایک ۱ دو ۲ تین ۳ چار ۴ پانچ ۵ چھ ۶ سات ۷ آٹھ ۸ نو ۹ صفر ۰

گنتی ایک سے لیکر سو تک

صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام	صورت	نام
۱	ایک	۲۶	چھبیس	۵۱	اکیاون	۷۶	چھہتر
۲	دو	۲۷	ستائیس	۵۲	باون	۷۷	ستتر
۳	تین	۲۸	اٹھائیس	۵۳	ترپن	۷۸	اٹھتر
۴	چار	۲۹	انتیس	۵۴	چون	۷۹	اناسی
۵	پانچ	۳۰	تیس	۵۵	پچپن	۸۰	اسی
۶	چھ	۳۱	اکتیس	۵۶	چھپن	۸۱	اکیاسی
۷	سات	۳۲	بتیس	۵۷	ستاون	۸۲	بیاسی
۸	آٹھ	۳۳	تینتیس	۵۸	اٹھاون	۸۳	تراسی
۹	نو	۳۴	چونتیس	۵۹	انسٹھ	۸۴	چوراسی
۱۰	دس	۳۵	پینتیس	۶۰	ساٹھ	۸۵	پچاسی
۱۱	گیارہ	۳۶	چھتیس	۶۱	اکسٹھ	۸۶	چھیاسی
۱۲	بارہ	۳۷	سینتیس	۶۲	باسٹھ	۸۷	ستاسی
۱۳	تیرہ	۳۸	اڑتیس	۶۳	ترسٹھ	۸۸	اٹھاسی
۱۴	چودہ	۳۹	انتالیس	۶۴	چونسٹھ	۸۹	نواسی
۱۵	پندرہ	۴۰	چالیس	۶۵	پینسٹھ	۹۰	نوے
۱۶	سولہ	۴۱	اکتالیس	۶۶	چھیاسٹھ	۹۱	اکیانوے
۱۷	سترہ	۴۲	بیالیس	۶۷	سڑسٹھ	۹۲	بانوے
۱۸	اٹھارہ	۴۳	تینتالیس	۶۸	اڑسٹھ	۹۳	ترانوے
۱۹	انیس	۴۴	چوالیس	۶۹	انہتر	۹۴	چورانوے
۲۰	بیس	۴۵	پینتالیس	۷۰	ستر	۹۵	پچانوے
۲۱	اکیس	۴۶	چھیالیس	۷۱	اکہتر	۹۶	چھیانوے
۲۲	بائیس	۴۷	سینتالیس	۷۲	بہتر	۹۷	ستانوے
۲۳	تئیس	۴۸	اڑتالیس	۷۳	تہتر	۹۸	اٹھانوے
۲۴	چوبیس	۴۹	انچاس	۷۴	چوہتر	۹۹	ننانوے
۲۵	پچیس	۵۰	پچاس	۷۵	پچھتر	۱۰۰	سو

اعداد کے پڑھنیکا قاعدہ

جس عدد کو پڑھنا ہو اُسکے سب سے داہین ہندسے سے اکائی دہائی وغیرہ پڑھنا شروع کرو اور یہ عمل بائین طرف کے اخیر ہندسے تک جاری رکھو اور اگر عدد مین چار یا چھہ یا آٹھ یا دس یا بارہ ہندسے ہون یعنی ہندسون کی تعداد جفت ہو تو عدد کے سب سے بائین ہندسے کو مع اُسکے مرتبے کے پڑھو پھر دو دو ہندسونکو ملا کر مع اُنکے مرتبے کے پڑھو جب تک سیکڑے کے ہندسے تک نہ پہنچو پھر سیکڑے کے ہندسے کو پڑھکر باقی دو ہندسونکو ملا کر پڑھو

اگر عدد مین تین یا پانچ یا سات یا نو یا گیارہ ہندسے ہون یعنی ہندسون کی تعداد طاق ہو تو بائین طرف سے دو دو ہندسونکو ملا کر مع اُنکے مرتبے کے پڑھو جب تک سیکڑیکے ہندسے تک نہ پہنچو +

نیچے جو اعداد لکھے ہین انھین پڑھو

٨ و ١٧ و ٥٢ و ٣٦٥ و ٩٨٤٥ و ١٠٠٠٠ و ١٤٢٠٧ و ٩٠٠٠ و

٢٠٠٥٠ و ٣٠٠٠٤٠٤ و ٦٠٠٧٠٠١٠ و ٧٠٠٠٠٧ و ٩٥٠٠٣٠٥ و

٥٠٠٠٢٠٣٧٠

اکائی	٨	٧	٢	٥	٥	٠	٧	٠	٠	٤	٠	٧	٥	٠
دہائی		١	٥	٦	٤	٠	٠	٠	٥	٠	١	٠	٠	٧
سیکڑا				٣	٨	٠	٢	٠	٠	٤	٠	٠	٣	٣
ہزار					٩	٠	٤	٩	٠	٠	٠	٠	٠	٠
دس ہزار						١	١		٢	٠	٧	٠	٠	٢
لاکھ										٠	٠	٧	٥	٠
دس لاکھ										٣	٠		٩	٠
کروڑ											٦			٠
دس کروڑ														٥
	آٹھ	سترہ	باون	تین سو پینسٹھ	نو ہزار آٹھ سو پینتالیس	دس ہزار	چودہ ہزار دو سو سات	نو ہزار	بیس ہزار پچاس	تیس لاکھ چار سو چار	چھ کروڑ ستر ہزار دس	سات لاکھ سات	پچانوے لاکھ تین سو پانچ	پچاس کروڑ بیس ہزار تین سو ستر

سو	ہزار	لاکھ
٢٣٢	٤٥	٣٧
٤٢٠	٣٧	٥٦

٠	سو	ہزار	لاکھ	کرور	ارب
٥٠	١	٣٢	٥٦	٨٧	٩٠
٢٥	٥	٢٠	٧٠	٩٠	٢

اعداد کے لکھنے کا قاعدہ

جس عدد کو لکھنا ہو اُس مین جو اکائی کا عدد شامل ہو اوسکو اول لکھو اور اکائی کا مرتبہ خالی ہو تو صفر لکھو اور پھر جو دہائی کا عدد ہو اُسکو اکائی کے مرتبے کے بائین طرف لکھو اوسیطرح سیکڑا ہزار وغیرہ کے جو عدد ہون اُنکو درجہ بدرجہ بائین طرف لکھو اور جو مرتبہ خالی ہو اُسکی جگہ صفر رکھو +

دوسرا قاعدہ

جن بڑے عدد کو لکھنا ہو اُسکے سب سے بڑے مرتبے کے شمار کو ہندسے مین لکھو اور یاد رکھو کہ اُس کے بعد جو درجہ بدرجہ چھوٹے مرتبونکو لکھو اُنمین سیکڑے کے سوا ہر ایک مرتبے مین دو ہندسے ہونگے اور اگر کسی مرتبے مین اکائی یا دہائی نہو تو اس جگہ صفر رکھو +

سوال

باون و تین سو ترسٹھ و چار سو چار و ایکہزار آٹھ سو تئیس و آٹھ ہزار چالیس و دس ہزار چھ سو چھ و بیس لاکھ چالیس ہزار ستانوے و تین کرڑ چھتیس لاکھ چھپن ہزار سات سو نواسی ان عددون کو ہندسون مین لکھو +

	اکائی	دہائی	سیکڑہ	ہزار	دس ہزار	لاکھ	دس لاکھ	کروڑ
باون	٢	٥						
تین سو ترسٹھ	٥	٦	٣					
چار سو چار	٤	٠	٤					
ایکہزار آٹھ سو تئیس	٣	٢	٨	١				
آٹھ ہزار چالیس	٠	٤	٠	٨				
دس ہزار چھ سو چھ	٦	٠	٦	٠	١			
بیس لاکھ چالیس ہزار ستانوے	٧	٩	٠	٠	٤	٠	٢	
تین کروڑ چھتیس لاکھ چھپن ہزار سات سو نواسی	٩	٨	٧	٦	٥	٩	٣	٣

۲ سے ۲۰ تک پہاڑون مین مضروب فیہ کے نام اور صورت

ایک ۱ / جھکا یا جھکی ۶	دوا یا دو ۲ / ستا یا ستے ۷	تین یا تی ۳ / اٹھا یا اٹھے ۸	چوک ۴ / نوان یا نو ۹	پنجا یا پنجے ۵ / دھام ۱۰

دو سے دس تک کے پہاڑے

۱	۲	دوا ایک دو	۳	تین ایک تین	۴	چار ایک چار	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۲	۴	دو دونا چار	۶	تین دونا چھ	۸	چار دونا اٹھ	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰
۳	۶	دو تین چھ	۹	تین تیے نو	۱۲	چار تیے بارہ	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰
۴	۸	دو چوک اٹھ	۱۲	تین چوک بارہ	۱۶	چار چوک سولہ	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰
۵	۱۰	دو پنجے دس	۱۵	تین پنجے پندرہ	۲۰	چار پنجے بیس	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰
۶	۱۲	دو جھکے بارہ	۱۸	تین جھکا اٹھارہ	۲۴	چار جھکا چوبیس	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰
۷	۱۴	دو ستے چودہ	۲۱	تین ستے اکیس	۲۸	چار ستے اٹھائیس	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶	۶۳	۷۰
۸	۱۶	دو اٹھے سولہ	۲۴	تین اٹھے چوبیس	۳۲	چار اٹھے بتیس	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۷۲	۸۰
۹	۱۸	دو نوان اٹھارہ	۲۷	تین نوان ستائیس	۳۶	چار نوان چھتیس	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰
۱۰	۲۰	دو دہام بیس	۳۰	تین دھام تیس	۴۰	چار دھام چالیس	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰

۱	۱۱	گیارہ ایک گیارہ	۱۲	بارہ ایک بارہ	۱۳	تیرہ ایک تیرہ	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰
۲	۲۲	گیارہ دونا بائیس	۲۴	بارہ دونا چوبیس	۲۶	تیرہ دونا چھبیس	۲۸	۳۰	۳۲	۳۴	۳۶	۳۸	۴۰
۳	۳۳	گیارہ تیے تینتیس	۳۶	بارہ تیے چھتیس	۳۹	تیرہ تیے انتالیس	۴۲	۴۵	۴۸	۵۱	۵۴	۵۷	۶۰
۴	۴۴	گیارہ چوک چوالیس	۴۸	بارہ چوک اڑتالیس	۵۲	تیرہ چوک باون	۵۶	۶۰	۶۴	۶۸	۷۲	۷۶	۸۰
۵	۵۵	گیارہ پنجے پچپن	۶۰	بارہ پنجے ساٹھ	۶۵	تیرہ پنجے پینسٹھ	۷۰	۷۵	۸۰	۸۵	۹۰	۹۵	۱۰۰
۶	۶۶	گیارہ جھکا چھیاسٹھ	۷۲	بارہ جھکا بہتر	۷۸	تیرہ جھکا اٹھتر	۸۴	۹۰	۹۶	۱۰۲	۱۰۸	۱۱۴	۱۲۰

۷	۷۷	گیارہ ستے ستتر	۸۴	بارہ ستے چوراسی	۹۱	تیرہ ستے اکیانوے	۹۸	۱۰۵	۱۱۲	۱۱۹	۱۲۶	۱۳۳	۱۴
۸	۸۸	گیارہ اٹھے اٹھاسی	۹۶	بارہ اٹھے چھیانوے	۱۰۴	تیرہ اٹھے ایکسو چار	۱۱۲	۱۲۰	۱۲۸	۱۳۶	۱۴۴	۱۵۲	۱۶۰
۹	۹۹	گیارہ نوان ننانوے	۱۰۸	بارہ نوان ایکسو آٹھ	۱۱۷	تیرہ نوان ایکسو سترہ	۱۲۶	۱۳۵	۱۴۴	۱۵۳	۱۶۲	۱۷۱	۱۸۰
۱۰	۱۱۰	گیارہ دہام ایکسو دس	۱۲۰	بارہ دہام ایکسو بیس	۱۳۰	تیرہ دہام ایکسو تیس	۱۴۰	۱۵۰	۱۶۰	۱۷۰	۱۸۰	۱۹۰	۲۰۰

اگر کسی عدد کا پون نکالنا ہو تو کل عدد مین سے اسکا ربع یعنی چوتھا حصہ منہا کرو مثلاً ۴۲ پونا کیا تو
۴۲ کا ادھا ۲۱ ہے اور ۲۱ کا آدھا ساڑھے دس یہ ۴۲ کا چوتھا حصہ ہوا اسکو ۴۲ مین سے گھٹایا
تو ساڑھے اکتیس باقی رہے یہی ۴۲ پونا ہوا اور ـ یہ چوتھائی کی علامت ہے ۔ یہ آدھے کی
علامت ہے ـ یہ پون کی علامت ہے اس لئے ۳۱۰ جواب ہوا +

پونا

ـ	۱	ـ	ایک پونا پون	۱۱	۸ـ	گیارہ پونا سوا آٹھ	۲۱	۰۱۵	۳۱	۲۳
ـ	۲	۰۱	دو پونا ڈیڑھ	۱۲	۹	بارہ پونا نو	۲۲	۰۱۶	۳۲	۲۴
ـ	۳	۲	تین پونا سوا دو	۱۳	۰۹	تیرہ پونا پونے دس	۲۳	۱۷	۳۳	۰۲۴
ـ	۴	۳	چار پونا تین	۱۴	۰۱۰	چودہ پونا ساڑھے دس	۲۴	۱۸	۳۴	۰۲۵
ـ	۵	۰۳	پانچ پونا پونے چار	۱۵	۱۱	پندرہ پونا سوا گیارہ	۲۵	۰۱۸	۳۵	۲۶
ـ	۶	۰۴	چھہ پونی ساڑھی چار	۱۶	۱۲	سولہ پونا بارہ	۲۶	۰۱۹	۳۶	۲۷
ـ	۷	۵	سات پونا سوا پانچ	۱۷	۰۱۲	سترہ پونا پونی تیرہ	۲۷	۲۰	۳۷	۰۲۷
ـ	۸	۶	آٹھ پونا چھہ	۱۸	۰۱۳	اٹھارہ پونا ساڑھی تیرہ	۲۸	۲۱	۳۸	۰۲۸
ـ	۹	۰۶	نو پونا پونی سات	۱۹	۱۴	انیس پونا سوا چودہ	۲۹	۰۲۱	۳۹	۲۹
ـ	۱۰	۰۷	دس پونا ساڑھے سات	۲۰	۱۵	بیس پونا پندرہ	۳۰	۰۲۲	۴۰	۳۰

اگر کسی عدد کا سوایا یا کل عدد معہ چوتھے حصے کے دریافت کرنا ہو تو کل عدد مین اوسکا چوتھا حصہ
شامل کرو مثلاً ۳۹ سوایا کیا تو ۳۹ کا آدھا ساڑھے انیس اور ساڑھے انیس کا آدھا ہے پونے دس ۳۹

کا چوتھائی حصہ ہوا اسے ۹ ۳ مین جوڑا تو پونے اونچاس ہوئے اسلئے ۴۸ ۳/۴ جواب ہوا

سوایا

ـ/	۱	۱	یک سوایا سوا	۱۱	۰۱۳	گیارہ سوایا پونے چودہ	۲۱	۲۶	۳۱	۰۳۸
ـ/	۲	۰۲	دوسوایا ڈھائی	۱۲	۱۵	بارہ سوایا پندرہ	۲۲	۰۲۷	۳۲	۴۰
ـ/	۳	۳۰	تین سوایا پونے چار	۱۳	۱۶	تیرہ سوایا سوا سولہ	۲۳	۰۲۸	۳۳	۴۱
ـ/	۴	۵	چار سوایا پانچ	۱۴	۰۱۷	چودہ سوایا ساڑھی سترہ	۲۴	۳۰	۳۴	۰۴۲
ـ/	۵	۶	پانچ سوایا سوا چھہ	۱۵	۰۱۸	پندرہ سوایا پونے انیس	۲۵	۳۱	۳۵	۰۴۳
ـ/	۶	۰۷	چھہ سوایا ساڑھی سات	۱۶	۲۰	سولہ سوایا بیس	۲۶	۰۳۲	۳۶	۴۵
ـ/	۷	۰۸	سات سوایا پونے نو	۱۷	۲۱	سترہ سوایا سوا اکیس	۲۷	۰۳۳	۳۷	۴۶
ـ/	۸	۱۰	اٹھہ سوایا دس	۱۸	۰۲۲	اٹھارہ سوایا ساڑھی بائیس	۲۸	۳۵	۳۸	۰۴۷
ـ/	۹	۱۱	نوسوایا سوا گیارہ	۱۹	۰۲۳	انیس سوایا پونی چوبیس	۲۹	۳۶	۳۹	۰۴۸
ـ/	۱۰	۰۱۲	دس سوایا ساڑھے بارہ	۲۰	۲۵	بیس سوایا پچیس	۳۰	۰۳۷	۴۰	۵۰

اگر کسی عدد کا ڈیوڑھا یعنے کل عدد معہ نصف حصّے کے دریافت کرنا ہو تو کل عدد میں اسکا نصف حصہ شامل کرو مثلاً ۴۵ ڈیوڑھا کیا ۴۵ کا آدھا ہے ساڑھے بائیس ۰۲۲ اسکو ۴۵ مین جوڑا تو ہوئے ۰۶۷ یہی جواب ہوا

ڈیوڑھا

۰۱	۱	۰۱	ایک ڈیوڑھا ڈیوڑھا	۱۱	۰۱۶	گیارہ ڈیوڑھا ساڑھی سولہ	۲۱	۰۱۳۱	۳۱	۰۴۶
۰۱	۲	۳	دوڈیوڑھا تین	۱۲	۱۸	بارہ ڈیوڑھا اٹھارہ	۲۲	۳۳	۳۲	۴۸
۰۱	۳	۰۴	تین ڈیوڑھا ساڑھے چار	۱۳	۰۱۹	تیرہ ڈیوڑھا ساڑھے انیس	۲۳	۰۳۴	۳۳	۰۴۹
۰۱	۴	۶	چار ڈیوڑھا چھہ	۱۴	۲۱	چودہ ڈیوڑھا اکیس	۲۴	۳۶	۳۴	۵۱
۰۱	۵	۰۷	پانچ ڈیوڑھا ساڑھے سات	۱۵	۰۲۲	پندرہ ڈیوڑھا ساڑھے بائیس	۲۵	۰۳۷	۳۵	۰۵۲

۰۱	۶	۹	چھہ ڈیوڑھا نو	۱۶	۲۴	سولہ ڈیوڑھا چوبیس	۲۶	۳۹	۳۶	۵۴
۰۱	۷	۰۱۰	سات ڈیوڑھا ساڑھے دس	۱۷	۰۲۵	سترہ ڈیوڑھا ساڑھے پچیس	۲۷	۰۴۰	۳۷	۰۵۵
۰۱	۸	۱۲	اٹھ ڈیوڑھا بارہ	۱۸	۲۷	اٹھارہ ڈیوڑھا ستائیس	۲۸	۴۲	۳۸	۵۷
۰۱	۹	۰۱۳	نو ڈیوڑھا ساڑھے تیرہ	۱۹	۰۲۸	انیس ڈیوڑھا ساڑھے اٹھائیس	۲۹	۰۴۳	۳۹	۰۵۸
۰۱	۱۰	۱۵	دس ڈیوڑھا پندرہ	۲۰	۳۰	بیس ڈیوڑھا تیس	۳۰	۴۵	۴۰	۶۰

اگر کسی عدد کا ڈھام یعنی دو چند کل عدد مع نصف جزو کل عدد کے دریافت کرنا ہو تو دو چند کل عدد مین کل عدد کا نصف جزو جوڑ دو مثلاً ۲۳ ڈھام کیا ۲۳ کا آدھا ہی ۱۰۱۱ اسکو ۲۳ کے دونے ۴۶ مین جوڑا تو ہوئے ۵۷۔۵ یہی جواب ہوا

ڈھام

۰۲	۱	۰۲	ایک ڈھاوان ڈھاوان	۱۱	۰۲۷	گیارہ ڈھام ساڑھے ستائیس	۲۱	۰۵۲	۳۱	۰۷۷
۰۲	۲	۵	دو ڈھام پانچ	۱۲	۳۰	بارہ ڈھام تیس	۲۲	۵۵	۳۲	۸۰
۰۲	۳	۰۷	تین ڈھام ساڑھے سات	۱۳	۰۳۲	تیرہ ڈھام ساڑھے بتیس	۲۳	۰۵۷	۳۳	۰۸۲
۰۲	۴	۱۰	چار ڈھام دس	۱۴	۳۵	چودہ ڈھام پینتیس	۲۴	۶۰	۳۴	۸۵
۰۲	۵	۰۱۲	پانچ ڈھام ساڑھے بارہ	۱۵	۰۳۷	پندرہ ڈھام ساڑھے سینتیس	۲۵	۰۶۲	۳۵	۰۸۷
۰۲	۶	۱۵	چھہ ڈھام پندرہ	۱۶	۴۰	سولہ ڈھام چالیس	۴۶	۶۵	۳۶	۹۰
۰۲	۷	۰۱۷	سات ڈھام ساڑھے سترہ	۱۷	۰۴۲	سترہ ڈھام ساڑھے بیالیس	۱۷	۰۶۷	۳۷	۰۹۲
۰۲	۸	۲۰	آٹھ ڈھام بیس	۱۸	۴۵	اٹھارہ ڈھام پینتالیس	۲۸	۷۰	۳۸	۹۵
۰۲	۹	۰۲۲	نو ڈھام ساڑھے بائیس	۱۹	۰۴۷	انیس ڈھام ساڑھے سینتالیس	۲۹	۰۷۲	۳۹	۰۹۷
۰۲	۱۰	۲۵	دس ڈھام پچیس	۲۰	۵۰	بیس ڈھام پچاس	۳۰	۷۵	۴۰	۱۰۰

اگر کسی عدد کا اوندھا یعنی سہ چند کل عدد مع نصف جزو کل عدد کے دریافت کرنا ہو تو تین گنے کل عدد مین کل عدد کا نصف حصہ جوڑ دو مثلاً ۴۳ اوندھا کیا ۴۳ کا تین گنا ہی ۱۲۹ اور ۴۳ کا

آدھا ہے ۰۲۱ اِسکو ۱۲۹ مین جوڑا تو ہوے ۰۱۵۰ یہی جواب ہوا

اونٹھا

۰۳	۱	۰۳	ایک اونٹھا اونٹھا	۱۱	۰۳۸	گیارہ اونٹھا ساڑھے اڑتیس	۲۱	۰۷۳	۳۱	۰۱۰۸
۰۳	۲	۷	دو اُونٹھا سات	۱۲	۴۲	بارہ اونٹھا بیالیس	۲۲	۷۷	۳۲	۱۱۲
۰۳	۳	۰۱۰	تین اُونٹھا ساڑھے دس	۱۳	۰۴۵	تیرہ اُونٹھا ساڑھے پینتالیس	۲۳	۰۸۰	۳۳	۰۱۱۵
۰۳	۴	۱۴	چار اُونٹھا چودہ	۱۴	۴۹	چودہ اونٹھا اونچاس	۲۴	۸۴	۳۴	۱۱۹
۰۳	۵	۰۱۷	پانچ اونٹھا ساڑھے سترہ	۱۵	۰۵۲	پندرہ اُونٹھا ساڑھے باون	۲۵	۰۸۷	۳۵	۰۱۲۲
۰۳	۶	۲۱	چھہ اُونٹھا اکیس	۱۶	۵۶	سولہ اونٹھا چھپن	۲۶	۹۱	۳۶	۱۲۶
۰۳	۷	۰۲۴	سات اونٹھا ساڑھے چوبیس	۱۷	۰۵۹	سترہ اُونٹھا ساڑھے اُنسٹھ	۲۷	۰۹۴	۳۷	۰۱۲۹
۰۳	۸	۲۸	اٹھہ اونٹھا اٹھائیس	۱۸	۶۳	اٹھارہ اونٹھا تریسٹھ	۲۸	۹۸	۳۸	۱۳۳
۰۳	۹	۰۳۱	نو اونٹھا ساڑھے اکتیس	۱۹	۰۶۶	انیس اُونٹھا ساڑھے چھیاسٹھ	۲۹	۰۱۰۱	۳۹	۰۱۳۶
۰۳	۱۰	۳۵	دس اُونٹھا پنتیس	۲۰	۷۰	بیس اونٹھا ستر	۳۰	۱۰۵	۴۰	۱۴۰

اگر کسی عدد کا ڈھونچا یعنی چہار چند کل عدد مع نصف جزو کل عدد کی دریافت کرنا ہو تو چار گنی کل عدد مین کل عدد کا نصف حصہ شامل کرو مثلا ۳۲ ڈھونچا کیا تو ۳۲ کا چار گنا ہے ۱۲۸ اور ۳۲ کا آدھا ہے سولہ اسکو ۱۲۸ مین جوڑا تو ہوے ۱۴۴ یہی جواب ہوا

ڈھونچا

۰۴	۱	۰۴	ایک ڈھونچا ڈھونچا	۱۱	۰۴۹	گیارہ ڈھونچا ساڑھے اونچاس	۲۱	۰۹۴	۳۱	۰۱۳۹
۰۴	۲	۹	دو ڈھونچا نو	۱۲	۵۴	بارہ ڈھونچا چوپن	۲۲	۹۹	۳۲	۱۴۴
۰۴	۳	۰۱۳	تین ڈھونچا ساڑھے تیرہ	۱۳	۰۵۸	تیرہ ڈھونچا ساڑھے اٹھاون	۲۳	۰۱۰۳	۳۳	۰۱۴۸
۰۴	۴	۱۸	چار ڈھونچا اٹھارہ	۱۴	۶۳	چودہ ڈھونچا تریسٹھ	۲۴	۱۰۸	۳۴	۱۵۳
۰۴	۵	۰۲۲	پانچ ڈھونچا ساڑھے بائیس	۱۵	۰۶۷	پندرہ ڈھونچا ساڑھے سڑسٹھ	۲۵	۰۱۱۲	۳۵	۰۱۵۷

۰۴	۶	۲۷	چھ ڈھونچا ستائیس	۱۶	۷۲.۰	سولہ ڈھونچا بہتر	۲۶	۱۱۷	۳۶	۱۶۲
۰۴	۷	۰۳۱	سات ڈھونچا ساڑھی اکتیس	۱۷	۰۷۶	سترہ ڈھونچا ساڑھی چھتر	۲۷	۰۱۲۱	۳۷	۰۱۶۶
۰۴	۸	۰۳۶	اٹھ ڈھونچا چھتیس	۱۸	۸۱	اٹھارہ ڈھونچا اکیاسی	۲۸	۱۲۶	۳۸	۱۷۱
۰۴	۹	۰۴۰	نو ڈھونچا ساڑھی چالیس	۱۹	۰۸۵	انیس ڈھونچا ساڑھی پچاسی	۲۹	۰۱۳۰	۳۹	۰۱۷۵
۰۴	۱۰	۴۵	دس ڈھونچا پینتالیس	۲۰	۹۰	بیس ڈھونچا نوے	۳۰	۱۳۵	۴۰	۱۸۰

بکٹ پہاڑہ

۰۱	۰۱	۲	ڈیوڑھا	دیوڑھا	سوا دو
۰۱	۰۲	۰۳	ڈیوڑھا	ڈھام	پونے چار
۰۱	۰۳	۵	ڈیوڑھا	اونٹھا	سوا پانچ
۰۱	۰۴	۰۶	ڈیوڑھا	ڈھونچا	پونے سات
۰۲	۰۲	۶	ڈھاوان	ڈھاوان	سوا چھ
۰۲	۰۳	۰۹	ڈھاوان	اونٹھا	پونے نو
۰۲	۰۴	۱۱	ڈھاوان	ڈھونچا	سوا گیارہ
۰۳	۰۳	۱۲	اونٹھا	اونٹھا	سوا بارہ
۰۳	۰۴	۰۱۵	اونٹھا	ڈھونچا	پونے سولہ
۰۴	۰۴	۲۰	ڈھونچا	ڈھونچا	سوا بیس

سوالات

(۱) ایک پیسے کے ۸ آم آتے ہیں تو نو پیسے کے کتنے آوینگے نو آٹھ ۷۲ اس لئے ۷۲ آم آوینگے

(۲) ایک پیسے کی ۸ اگنڈے کوڑیاں بکتی ہیں تو ۱ پیسے کی کتنے گنڈے کوڑیاں آوینگی اٹھا نوان ۶۲ اس لئے ۶۲ اگنڈے کوڑیاں اوینگی

(۳) ایک روپیہ کے ۱۵ سیر چاول آتے ہین تو ۷ روپیہ کے کتنے سیر چاول آوینگے ۱۵ اسنو ۱۰۵ اس لیے ۱۰۵ سیر چاول آوینگے +

(۴) ایک آنہ کا پون گز کپڑا آتا ہے تو ۱۷ آنہ کا کتنے گز کپڑا آویگا سترہ پونا ۱۲¾ اس لیئے پونے تیرہ گز کپڑا آویگا

(۵) پون پیسے کی ایک ڈبیا آتی ہے تو ۳۸ ڈبیا کے کتنے پیسے ہوے ۳۸ پونا ۲۸ اسلئے ۲۸ پیسے دام ہوے

(۶) سوا گز کپڑا ایک مرزائی کے بنوانے مین لگتا ہے تو ۲۵ مرزائیون کے بنوانے مین کتنے گز کپڑا لگیگا ۲۵ سوایا ۳۱¼ اسلئے ۳۱¼ گز کپڑا لگیگا +

(۷) سوا روپیہ کوڑی اچھے بانس بکتے ہین تو ۳۵ کوڑی بانسون کے کیا دام ہوے ۳۵ سوایا ۴۳¾ اس لیے ۴۳¾ روپیہ یعنی ۴۳ روپیہ اور بارہ آنہ دام ہوے

(۸) ڈیڑھ پیسے کی ایک ٹوپی بکتی ہے تو ویسی ۲۴ ٹوپیون کے کیا دام ہوے ۲۴ ڈیوڑھا ۳۶ اس لیئے ۳۶ پیسے دام ہوے

(۹) ایک بنیے نے ایک پیسے سیر جوار مول لی اور تھوڑے دن بعد ڈیڑھ پیسے کے حساب سے بیچی تو اُسے ۲۹ پیسے کی جوار بیچنے مین کیا نفع ملا ہوگا ۲۹ ڈیوڑھا ۴۳½ اسمین سے ۲۹ پیسے نکال ڈالے تو ۱۴½ پیسے نفع کے ہوے

(۱۰) ایک روپیہ کا ڈھائی من بھس بکتا ہے تو ۲۳ روپیہ کا کتنے من بھس آویگا ۲۳ ڈھام ۵۷½ اس لیے ۵۷½ من بھس آویگا

(۱۱) ڈھائی پیسے کی ایک بولی کڑبی کی آتی ہے تو ۳۷ پولے کے کیا دام ہوے ۳۷ ڈھام ۹۲½ اس لئے ۹۲½ پیسے یعنی ۴۶ ٹکے اور ایک ڈھیلا دام ہوے

(۱۲) ساڑھے تین پیسے سیر گیہون کا آٹا بکتا ہے تو ۲۷ سیر آٹے کے کیا دام ہوے ۲۷ اونٹھا ۹۴½ اس لیے ۹۴½ پیسے یعنی ۴۷ ٹکے ایک ڈھیلا دام ہوے

(۱۳) ساڑھے تین پیسے پنسیری خربزے بکتے ہین تو پندرہ پنسیری کے کیا دام ہوے ۱۵ اُونٹھا ۲ ۵ ۰۱ اسلیے ۲ ۵ ۰ پیسے یعنی ۲۶ ٹکے ایک دھیلا دام ہوے +

(۱۴) ایک روپیہ کی ساڑھے چار من لکڑیان بکتی ہین تو ۲۲ روپیہ کی کتنے من لکڑیان آوینگی ۲۲ ڈھونچا ۹۹ اس لیے ۹۹ من لکڑیان اوینگی +

(۱۵) ایک روپیہ کی ساڑھے چار سیر مٹھائی بکتی ہے تو تیرہ روپیہ کی کتنے سیر مٹھائی آویگی ۱۳ ڈھونچا ۸ ۵ ۰۱ اسلیے ۸ ۵ ۰ سیر یعنی ایک من ۱۸ سیر مٹھائی آوے گی

(۱۶) بنگالے مین ڈیڑھ روپیہ کے من بھر چانول آتے ہین تو ڈیڑھ من چانول کے کیا دام ہوے ڈیوڑھا ڈیوڑھا سوا دو اسلیے سوا دو روپیہ یعنی دو روپیہ ۴ آنہ دام ہوے +

(۱۷) ایک آنہ کی ڈیڑھ سیر دال آتی ہے تو ڈھائی آنہ کی کتنے سیر دال آویگی ڈیوڑھا ڈھا ۳¾ اسلیے ۳¾ سیر یعنی ۳ سیر ۳ پاو دال آئیگی +

(۱۸) ساڑھے تین پیسے سیر آلو بکتے ہین تو ساڑھے چار سیر آلو کے کیا دام ہوے اُونٹھا ڈھونچا ۱۵¾ اس سے پونے سولہ پیسے دام ہوے +

دوسری فصل

جمع

ایک قسم کے چند عددون کے اکٹھا کرنے کو جمع کرنا کہتے ہین +

قاعدہ

(۱) جن عددون کو جمع کرنا ہو اُنکو ایک دوسرے کے تلے اِس ترتیب پر لکھو کہ انکی اکائی ایک دوسرے کے تلے رہین اور دہائی دہائی کے تلے اور علی ہذالقیاس سیکڑا [illegible] سب کے نیچے ایک عرضی خط کھینچو +

جس طرح ۵۳۶ اور ۳۷۸۵ اور ۸۲۸۸۷ انکو جوڑنا ہو تو انکو اس ترتیب سے لکھا +

۵۳۶
۳۷۸۵
۸۲۸۸۷

(۲) اکائیوں کے سب ہندسوں کو جوڑ کر دیکھو کہ انکے جوڑ یعنی حاصل جمع میں کتنی دہائیاں ہیں اُن کو ہاتھ لگا مانکر باقی اکائیوں کو اکائی کے مرتبے پر لکھو اور اگر باقی میں کوئی اکائی نہ رہے تو صفر رکھ دو +

جسطرح اکائی کے ہندسے ۶ اور ۵ اور ۷ کو جوڑا تو ۱۸ اکائیاں ہوئیں لیکن دس اکائیوں کی ایک دہائی بنتی ہے اس لئے ۱۸ اکائیوں کی ایک دہائی اور آٹھ اکائی ہوئیں ۸ کو اکائی کے مرتبے پر رکھا اور ایک دہائی کو یاد رکھا +

۵۳۶
۳۷۸۵
۸۲۹۸۷
۸

(۳) پھر بطریق مذکورہ کے دہائیوں کو جوڑ کر حاصل جمع میں ہاتھ لگی دہائی کو ملا دو اور دیکھو کہ اس حاصل عدد میں کتنے سیکڑے ہیں انکو ہاتھ لگا مان باقی دہائیوں کو باقی اکائیوں مذکورہ کے بائیں طرف لکھو اور ایسے ہی اگر ہزار وغیرہ اور مرتبے ہوں تو انکا حاصل جمع نکالکر بطریق مذکورہ کے لکھو ایسے ہی سے جو عدد حاصل ہو وہی حاصل جمع مطلوب ہوگا +

جسطرح دہائی کے ہندسے ۳ اور ۸ اور ۸ کو جوڑا تو ۱۹ دہائی ہوئیں انمیں یاد رکھی ہوئی دہائی ایک کو جوڑا تو ۲۰ دہائی ہوئیں لیکن دس دہائی کا ایک سیکڑا بنتا ہے اس سے ۲۰ دہائیوں کے ۲ سیکڑے ہوئے اس سبب سے دہائی کی جگہ صفر رکھا اور دو سیکڑوں کو سیکڑوں کے جوڑ ۲۰ میں جوڑا تو ۲۲ سیکڑے ہوئے لیکن دس سیکڑے کا ایک ہزار ہوتا ہے اس لیے ۲۲ سیکڑوں کے ۲ ہزار اور ۲ سیکڑے ہوئے

۵۳۶
۳۷۸۵
۸۲۸۸۷
۸۷۲۰۸

۲ کو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا اور ۲ ہزار کو ہزاروں کے جوڑ مین جوڑا تو ۷
ہزار ہوئے اس لئے ۷ کو ہزار کے مرتبے پر رکھا اور ۸ کو دس ہزار کے مرتبے پر لکھا
اسی طرح سے ۸۷۲۰۸ حاصل جمع ہوا اسی طریق پر دوسری اور تیسری اور چوتھی مثال
جو نیچے لکھی ہین اُنکا حاصل جمع نکالو

	مثال دوسری	مثال تیسری	مثال چوتھی
	۶۸۲۴	۲۳۴۵۶	۳۷۸۰۰۵
	۳۶۲	۷۸۹۰۱	۶۳۲۰۰
	۴۱	۲۳۴۵۶	۴۲۰۰۹۸
	۲۵۴	۷۲۸۱	۲۱۷۹۰۰
			۱۰۹۵۶
حاصل جمع	۷۴۸۱	۱۳۳۰۹۴	۱۰۹۰۱۵۹

مثال دوسری

ترکیب جوڑنے کی

۴ ۲ ۶ ۱ ۴ ۱ ۱ ۱
چار اور دو چھ اور ایک سات اور چار گیارہ کا ایک ہاتھ لگا ایک وا ایک اور

۲ ۳ ۶ ۹ ۴ ۱۳ ۵ ۱۸ ۸ ۱ ۱
دو تین اور چھ نو اور چار تیرہ اور پانچ اٹھارہ کے آٹھ ہاتھ لگا ایک وا ایک اور

۸ ۹ ۳ ۱۲ ۲ ۱۴ ۴ ۱ ۱ ۶ ۷
آٹھ نو اور تین بارہ اور دو چودہ کے چار ہاتھ لگا ایک وا ایک اور چھ سات

مثال تیسری

۶ ۱ ۷ ۶ ۱۳ ۱ ۱۴ ۴ ۱ ۱
چھ اور ایک سات اور چھ تیرہ اور ایک چودہ کے چار ہاتھ لگا ایک وا ایک

۵ ۶ ۵ ۱۱ ۸ ۱۹ ۱ ۱ ۴ ۵
اور پانچ چھ اور پانچ گیارہ اور آٹھ انیس کے نو ہاتھ لگا ایک ایک اور چار پانچ

۹ ۱۴ ۴ ۱۸ ۲ ۲۰ ۲ ۲ ۳ ۵
اور نو چودہ اور چار اٹھارہ اور دو بیس کا صفر ہاتھ لگے دو دو اور تین پانچ

۸ ۱۳ ۳ ۱۶ ۷ ۲۳ ۳ ۲ ۲ ۲ ۴ ۷
اور آٹھ تیرہ اور تین سولہ اور سات تیئیس کے تین ہاتھ لگے دو دو اور دو چار اور سات

۱۱ ۲ ۱۳
گیارہ اور دو تیرہ

امثال جمع بموجب طریق طولانی

	ہزار	سیکڑا	دہائی	اکائی
	۳	۴	۶	۵
	۲	۵	۷	۸
	۷	۵	۲	۳
اکائی			۱	۶
دہائی		۱	۵	
سیکڑا	۱	۴		
ہزار	۱۲			
حاصل جمع	۱۳	۵	۶	۶

	دہ ہزار	ہزار	سیکڑا	دہائی	اکائی
	۲	۳	۸	۷	۲
		۵	۶	۳	۵
		۷	۰	۸	۹
اکائی				۱	۶
دہائی			۱	۸	
سیکڑا		۱	۴		
ہزار	۱	۵			
دہ ہزار	۲				
حاصل جمع	۳	۶	۵	۹	۶

سوالات جمع

(۱)	(۲)	(۳)	(۴)	(۵)
۹	۸	۱۸	۱۹۳۰	۸۷۲۱۴۵
۴	۱۷	۷۰	۶۸۱	۶۳۱۷۸
۵	۹	۳۵	۷۷۲۰۰	۴۹۵۸
۳۶	۶۸	۱۷	۲۸۴۵	۴۵۷۸۱
۱۸	۳۴	۲۸۰	۳۸۶۰	۳۴۲۱
۷۲	۱۳۶	۱۴۰	۹۶۵	۶۴۳
حاصل جمع				

(۶)	(۷)	(۸)
۱۰۵۶	۱۵۸۷۲	۱۱۰۰۸
۲۳۷۹۲	۳۹۶۸	۲۷۵۲
۱۳۲	۴۹۶	۶۸۸
۴۲۲۴	۳۱	۱۷۲
۶۷۵۸۴	۶۳۴۸۸	۸۸۰۶۴
۲۱۱۲	۱۲۴	۱۲۹
۲۶۴	۳۱۷۴۴	۳۴۴
۹۹	۲۴۸	۲۰۲۰۱۹
	۱۹۸۴	

سوالات جمع

(۱) ایک سوار یکشنبہ کو ۲۷ میل چلا دوشنبہ کو ۲۹ میل سہ شنبہ کو ۳۴ میل چہارشنبہ کو ۲۹ میل پنجشنبہ کو ۵۰ میل اور جب بہت تھک گیا تو جمعہ کو ۴۹ میل جو پہیے کی گاڑی مین سوار ہو کر چلا تو بتلاؤ کہ وہ شخص چھہ دن کے عرصے مین کتنے میل چلا +

جواب + ۲۱۸ میل +

(۲) ایک گھوسی کے پاس ۳۵ گائے و ۳۴ بھینس و ۹ بھینسے و ۲۰ بکری ۱۵

اور دو گھوڑیان تھین تو بتلاؤ کہ اُسکے پاس سب کتنے جانور تھے +

جواب + ۱۴۲ جانور +

(۳) ایک بنیا داد و ستد یعنی لین دین کا کام کرتا تھا اور اُسکے چار شخصون پر روپے لینے تھے پہلے شخص کو ۳۴۵۱ روپے ایک دفعہ کے دینے تھے اور ۵۶۵ روپے دوسری دفعہ کے دینے تھے اسیطرح دوسرے شخص کو ۴۳۳ روپے اور ۹۰۵ روپے دینے تھے اور تیسرے شخص کو ۳۵۹ روپے دینے تھے اور چوتھے شخص کو ۲۹۸ روپے دینے تھے تو بتلاؤ کہ اس بنیے کے سب کتنے روپے لینے تھے +

جواب + ۶۰۱۱ روپیہ +

(۴) ایک باغیچہ مین ۶۵۳ آم کے پیڑ تھے اور ۱۷ جامن کے ۵۲۱ نیبو کے ۱۹۲ سنگترے کے ۱۲ کھنّی کے اور ۶ شہتوت کے پیڑ تھے تو بتلاؤ کہ اُس باغیچہ مین سب ملکر کتنے پیڑ تھے +

جواب + ۱۴۰۱ پیڑ +

(۵) ایک چمار کی دوکان پر ۳۷۵ مردانہ کیمختی جوڑے جوتون کے تھے اور ۵۶۰ جوڑے نری کے اور ۲۰ جوڑے ہرن کی کھال کے اور ۸۹۵ جوڑے چھوٹے لڑکون کے پہننے کے تھے تو بتلاؤ کہ اوس چمار کی دوکان مین سب کتنے جوڑے جوتون کے تھے +

جواب + ۱۸۵۰ جوڑے

(۶) ایک راجا کی سواری نکلی اُسمین ۶۰۰ آدمی ہاتھی کے ہودون پر سوار تھے ۲۰۰۴ آدمی گھوڑون پر سوار تھے ۷۶ آدمی اونٹون پر چڑھے چلے جاتے تھے ۳۰۵۴ آدمی علاوہ پیدل چلے جاتے تھے تو بتلاؤ کہ راجہ صاحب کی سواری کے ساتھ سب کتنے آدمی تھے +

جواب + ۶۴۲۵ آدمی +

(۷) ایک شخص ستائیسوین اکتوبر ۱۸۴۳ع کو ایک جگہ نوکر ہوا اور دوسری جون سنہ ۱۸۵۰ع تک اُسی جگہ نوکر رہے تو بتلاؤ کہ اب تک اس شخص نے کتنے دن نوکری کی اور یاد رکھو کہ

ہر ایک سن ماہ جنوری سے شروع ہوتا ہے اور ماہ دسمبر مین آخر ہوتا ہے اور مہینونکے نام اور اُنکے دنون کی تعداد اسطرح پر ہے +

تعداد دن	۳۱	۲۸	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱	۳۱	۳۰	۳۱	۳۰	۳۱
نام مہینہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر

جواب + ۱۶ برس ۷ مہینے اور ۸ دن +

تفریق

ایک قسم کے دو عددین چھوٹے عدد کو بڑے عدد مین سے گھٹانیکو تفریق کہتے ہین

قاعدہ

(۱) چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے تلے اس ترتیب پر لکھو کہ اکائی دہائی وغیرہ اپنے اپنے تلے ہون اور چھوٹے عدد کے نیچے ایک عرضی خط کھینچو مثلاً ۴۲۷۱۲ مین سے ۸۶۴۵ کو گھٹانا ہے تو اُنکو اس ترتیب سے لکھا

جسطرح

۴۲۷۱۲
۸۶۴۵
―――

(۲) اکائی سے گھٹانا شروع کرو اور اگر بڑے عدد کی اکائی چھوٹے عدد کی اکائی سے بڑی ہو تو چھوٹی اکائی کو بڑی اکائی مین سے گھٹا کر باقی یعنی حاصل تفریق کو اکائی کے مرتبے پر لکھو لیکن جو بڑے عدد کی اکائی چھوٹے عدد کی اکائی سے چھوٹی ہو تو چھوٹی اکائی مین دس جوڑ کر حاصل جمع مین سے بڑی اکائی کو گھٹاؤ اور باقی اکائی کو اکائی کے مرتبے پر لکھو +

جسطرح بڑے عدد کی اکائی ۲ مین سے چھوٹے عدد کی اکائی ۵ گھٹ نہین سکتی اسلئے ۲ مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوے اسمین سے ۵ کو گھٹایا تو ۷ باقی رہے اسکو اکائی کے مرتبے پر رکھا +

جسطرح ۲ ۱ ۷ ۲ ۴
۵ ۴ ۶ ۸
———
۷

(۳) اور بڑی اکائی مذکور کے بامین طرف جو ہندسہ ہو اُسمین ایک جوڑ دو پھر اس حاصل جمع کو بطریق مذکور کے اوپر کی دہائی مین سے گھٹاؤ اور باقی کو بائی اکائی مذکور کے بامین طرف لکھو +

جسطرح ۴ مین ایک جوڑا تو ۵ ہوے لیکن یے اوپر کی دہائی کے ہندسے ایک مین سے گھٹ نہین سکتے اس لئے ایک مین ۱۰ جوڑے تو ۱۱ ہوے اس مین سے ۵ کو گھٹایا تو ۶ باقی رہے اسکو اکائی کے عدد ۷ کے بامین طرف لکھا +

جسطرح ۲ ۱ ۷ ۲ ۴
۵ ۴ ۶ ۸
———
۶ ۷

(۴) اور اگر سیکڑا اور ہزار وغیرہ اور مرتبے ہون تو بطریق مذکور کے انکا حاصل تفریق نکالکر اپنے اپنے مرتبے پر لکھو اسیطرح سے جو عدد حاصل ہون وہی حاصل تفریق مطلوب ہو گا +

جسطرح ۶ مین ایک جوڑا تو ۷ ہوے اسکو اوپر کے ۷ مین سے گھٹایا تو باقی کچھ نہ رہا اس لئے سیکڑے کے مرتبے پر صفر رکھا +

جسطرح ۲ ۱ ۷ ۲ ۴
۵ ۴ ۶ ۸
———
۰ ۶ ۷

پھر دیکھا کہ ۲ مین سے ۸ تو گھٹ ہی نہین سکتے اس لئے ۲ مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوے اس مین سے ۸ کو گھٹایا تو ۴ باقی رہے اسکو صفر کے بامین طرف لکھا اور ۸ کے بامین طرف کوئی ہندسہ نہین ہے اس لئے فقط ایک ۴ مین سے گھٹا کر باقی ۳ کو ۴ کے

بامین طرف لکھا +

جیسطرح ۲۱۷۲۴ اسطرح سے ۳۴۰۶۷ حاصل تفریق ہوا +

$$
\begin{array}{r}
۲۱۷۲۴ \\
۸۶۴۵ \\
\hline
۳۴۰۶۷
\end{array}
$$

اسیطور سے دوسری اور تیسری اور چوتھی مثال جو نیچے لکھی ہین اونکی حاصل تفریق نکالو +

مثال دوسری

مین سے	۷۸۴۹۳۱
کو گھٹاؤ	۶۰۹۸۴۲
حاصل تفریق	۱۷۵۰۸۹

مثال تیسری

مین سے	۵۰۰۹۸۰۶۵۰
کو گھٹاؤ	۴۹۹۸۷۰۰۰۰
	۱۱۱۰۶۵۰

مثال چوتھی

سے مین	۷۶۳۴۲۵۵۰۰
کو گھٹاؤ	۷۶۵۹۸۳۶۷
	۶۸۶۸۲۷۱۳۳

مثال دوسری

ترکیب گھٹانے کی

گیارہ مین سے گئے دو رہے نو و ایک اور چار پانچ و تیرہ مین سے گئے پانچ رہے آٹھ و ایک اور آٹھ نو و نو مین سے گئے نو رہا صفر چودہ مین سے گئے نو رہے پانچ و ایک اور صفر ہوا ایک آٹھ مین سے گیا ایک رہے سات و سات مین سے گئے چھہ رہا ایک

مثال تیسری

صفر مین سے گیا صفر رہا صفر و پانچ مین گیا صفر رہے پانچ چھہ مین سے گیا صفر رہے چھہ و صفر مین سے گیا رہا صفر آٹھ مین سے گئے سات رہا ایک نو مین سے گئے آٹھ رہا ایک و دس مین سے گئے نو رہا ایک و ایک اور نو دس و صفر مین سے گیا صفر رہا صفر و ایک اور چار پانچ و پانچ مین سے گئے پانچ رہا صفر مگر کسی عدد کے بامین طرف فقط صفر رکھنے سے اسکی قیمت مین کچھہ فرق نہین آتا اس واسطے ایک کے بامین طرف صفر نہین رکھے +

سوالات

۷۲۸۴۱۰۸۳ مین سے   ۶۸۴۲۷۰۸۲   ۵۲۸۴۷۳۲۹
۱۷۳۰۰۷۳ کو گھٹاؤ   ۷۴۳۴۷۷۲   ۷۳۵۴۲۲

حاصل تفریق

۷۴۸۳۷۲۷۸   ۶۹۲۸۴۷۳۸
۸۷۶۴۳۹۰   ۵۴۲۷۳۸۲۸

۴۷۶۸۳۲۸۷   ۶۳۷۴۲۸۴۵   ۶۳۷۴۳۲۸۴۵   ۹۳۷۸۴۲۶۶
۳۸۴۷۶۹۵   ۴۸۲۷۳۶۷۹   ۴۸۲۷۳۵۶۴   ۷۸۴۲۸۰۶

قاعدہ تفریق بموجب قاعدہ جمع کے

جو ایک چیز مین سے اسکا کچھ حصہ کم کیا جاوے تو جو حصہ باقی ہے اُس مین اگر وہ حصہ جو نکالا گیا ہو جوڑ دیا جائے تو جوڑ کل چیز کے برابر ہوگا مثلاً اگر ۹ ہاتھ رسی مین سے چار ہاتھ رسی کاٹ لی جاوے تو ۵ ہاتھ باقی رہے گی اور جو پانچ ہاتھ رسی مین چار ہاتھ رسی جوڑ دیجاوے تو سب رسی ملکر ۹ ہاتھ ہوگی اس لئے جب ایک عدد مین سے دوسرے عدد کو گھٹانا ہو تو اس سے یہ مراد سمجھو کہ ایک ایسا عدد نکالنا ہے کہ جو اُس مین دوسرا عدد مذکور جوڑ دیا جاوے تو جوڑ پہلے عدد مذکور کے برابر ہو مثلاً ۱۵ مین سے ۹ کو گھٹایا تو کیا باقی رہا ۶ و ۹ اور ۶ پندرہ ہوتے ہین اسلئے ۶ باقی رہے +

۲۵ مین سے ۸ کو گھٹایا تو کیا باقی رہا ۱۷ و ۱۷ اور ۸ پچیس ہوتے ہین اسلئے ۱۷ باقی رہے +

قاعدہ

(۱) بڑے عدد کو اوپر لکھو اور چھوٹے عدد کو اسکے تلے اس ترتیب پر لکھو

کہ دونون عددون کی اکائی و دہائی وغیرہ ایک دوسرے کے تلے رہین

جسطرح

۷ ۴ ۳ ۵

۴ ۲ ۸ ۷

(۲) پھر چھوٹے عدد کے تلے ایک عرضی خط کھینچو +

جسطرح

۷ ۴ ۳ ۵

۴ ۲ ۸ ۷

(۳) پھر دیکھو کہ نیچے کی اکائی مین کونسی اکائی ملانے سے جوڑ مین اوپر کی اکائی رہتی ہے ایسی اکائی کے عدد کو عرضی خط کے تلے لکھو اور جوڑ مین دہائی ہو تو اُسے نیچے کی اکائی کے بامین طرف جو دہائی کا ہندسہ ہو اُسمین جوڑ دو +

جسطرح نیچے کی اِکائی ۷ مین ۸ جوڑے تو ۱۵ ہوئے اُسمین ۵ اِکائی ہین اسلئے ۸ کو عرضی خط کے تلے لکھا اور ایک کو ۷ کے بامین طرف کی دہائی ۸ مین جوڑا تو ۹ ہوئے +

جسطرح

۸ ۴ ۳ ۵

۹

۴ ۲ ۸ ۷

۸

(۴) اسیطرح بموجب طریق مذکور کے عمل کرو جب تک کہ چھوٹے عدد کے سب ہندسے گھٹ جاوین +

جسطرح ۹ مین ۴ ملانے تو ۱۳ ہوئے اس لئے ۴ کو دہائی کے مرتبہ پر لکھا اور ۹ کے بامین طرف کے ہندسہ ۲ مین ایک جوڑا تو ۳ ہوئے

جسطرح

۷ ۴ ۳ ۵

۳ ۹

۴ ۲ ۸ ۷

۴ ۸

تو ۳ ہوئے پھر ۳ مین ایک جوڑنے سے ۴ ہوتے ہین اسلئے ایک کو
سیکڑے کے مرتبے پر لکھا اور اسیطرح ۴ اور ۳ ملکر سات ہوتے ہین اس لیے ۳ کو ہزار
کے مرتبے پر لکھا

جسطرح
۸۴۳۵
۳۹
۴۲۸۷
———
۳۱۴۸
اس لئے ۳۱۴۸ حاصل تفریق ہوا +

دوسرا قاعدہ تفریق

(۱) اگر چھوٹے عدد کی اکائی بڑے عدد کی اکائی سے چھوٹی ہو تو
بڑی اکائی مین سے چھوٹی اکائی کو گھٹا کر باقی کو عرضی خط کے تلے اکائی
کے مرتبے پر لکھو اور اگر چھوٹے عدد کی اکائی بڑے عدد کی اکائی سے بڑی
ہو تو چھوٹی اکائی مین دس جوڑ دو اور چھوٹی اکائی کے بائین طرف کی دہائی
مین سے ایک گھٹا دو +

جسطرح
۵۶۳۲
۴۷۸۹
———

چھوٹی اکائی ۲ مین دس جوڑے تو ہوئے ۱۲ اور ۲ کے بائین طرف کے
ہندسہ ۳ مین سے ایک یعنی ایک دہائی گھٹا دی تو دو دہائی باقی رہین +

(۲) پھر حاصل جمع مذکور مین سے بڑی اکائی کو گھٹا دو +

جسطرح ۱۲ مین سے ۹ کو گھٹایا تو ۹ باقی رہا +
۵۶۳۲
۴۷۸۹
———
۹

(۳) اسیطرح بموجب طریق مذکور کے یہ عمل جب تک جاری رکھو کہ چھوٹے عدد کے
سب ہندسے بڑے عدد مین سے گھٹ جاوین جسطرح ۲ بہ نسبت ۸ کے

چھوٹا ہے اس لیے دو مین ۱۰ جوڑے تو ۱۲ ہوئے اس مین سے ۶ کو گھٹایا تو رہے ۶
اسکو عرضی خط کے تلے دہائی کے مرتبے پر لکھا اور ۳ کے بائین طرف کے ہندسہ
۶ مین سے ایک یعنی ایک سیکڑا گھٹایا تو ۵ سیکڑے باقی رہے +

جسطرح

۲
۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۴ ۶

پھر دیکھو کہ ۵ بہ نسبت ۷ کے چھوٹا ہے اس لیے ۵ مین ۱۰ ملائے تو ہوئے
۱۵ اسمین سے ۷ کو گھٹایا تو ۸ باقی رہا اسکو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا +

جسطرح

۵ ۲
۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۸ ۴ ۶

اور ۶ کے بائین طرف کے ہندسہ ۵ مین سے ایک یعنی ایکہزار کم کیا تو ۴ ہزار
باقی رہے اُسمین سے نیچے کے ۴ کو گھٹایا تو کچھ باقی نہ رہا +

جسطرح

۴ ۵ ۲
۵ ۶ ۳ ۲
۴ ۷ ۸ ۶
———
۸ ۴ ۶

اس لیے ۸۴۶ حاصل تفریق ہوا

سوالات تفریق

(۱) ایک شخص کو ۶۴۰ کوس چلنا تھا اُسمین سے ۲۴۰ کوس چلکر
ایک شہر مین اٹک رہا تو بتلاؤ کہ اس شخص کو کتنا چلنا اور باقی رہیگا +

جواب + ۴۰۰ کوس +

(۲) مدرسہ مین ۵۳۶ طالب علم تھے انمین سے ۳۶ نوکر ہو کر چلے گئے

اور ۷۳ لڑکونکا نام خارج ہوگیا تو بتلاؤ کہ مدرسہ مین باقی کتنے لڑکے ہونگے +

جواب + ۴۲۷ لڑکے +

(۳) ایک بزاز نے ۷۴۲۸ گز کپڑا خریدا اُسمین سے ۳۹۷۶ گز کپڑا اُسنے بیچ ڈالا تو بتلاؤ کہ اس بزاز کے پاس کتنے گز کپڑا باقی رہا ہوگا

جواب + ۳۴۵۲ گز کپڑا +

(۴) ایک لڑکے نے ۳۷۵ آم خریدے اُنمین سے ۷۵ آم تو اُسنے اپنے بھائی اور بہن کو دئیے اور ۱۹ آم اپنے اُستاد کو دئیے اور ۶۰ آم اپنے یار دوستونکو بانٹ دئے اور ۷۵ آم بندر لیگئے اور ۲۸ آم گلہریون نے کتر کھائے تو بتلاؤ کہ اس لڑکے کے پاس کتنے آم باقی رہے ہونگے

جواب + ۱۱۸ آم +

(۵) ایک بیوپاری نے ۵۹۷۲ من گیہون خریدے اُنمین سے ۲۲۴ من گیہون تو اُسنے ایک شخص کے ہاتھ بیچ ڈالے اور ۸۱ من دوسرے شخص کے ہاتھ و ۲۱۳ من تیسرے آدمی کے ہاتھ و ۴۷۲ من چوتھے آدمی کے ہاتھ اور ۱۰۰۰ من گیہون پانچوین آدمی کے ہاتھ بیچدئے اور ۵۰ من گیہون کھانے مین اُٹھگئے تو بتلاؤ کہ اُس بیوپاری کے پاس کتنے من گیہون بچے ہونگے +

جواب + ۳۸۱۴ من +

ضرب

جس مختصر قاعدے سے یکسان عدد کو کئی دفعہ جمع کرتے ہین اُسے قاعدہ ضرب کہتے ہین اور اس جوڑنے کے عمل کو ضرب کرنا بولتے ہین اور یکسان عدد کو مضروب کہتے ہین اور جتنی دفعہ اسکو جوڑتے ہین اُس تعداد کو مضروب فیہ کہتے ہین اور ایسے حاصل جمع کو حاصل ضرب بولتے ہین مثلاً ۵۲۳ کو پانچ دفعہ جوڑو یا ۵۲۳ کو پانچمین ضرب دو دونوان

دونون سوالون سے ایک ہی مُراد سمجھو کو ۴ مین ضرب دینے سے ۲۰ ہوتے ہین
کیونکہ آگے پہاڑون مین لکھا ہے کہ پانچ چوک بیس ہوتے ہین اور ۵ کو ۴ بار جوڑنے سے
بھی ۲۰ ہوتے ہین کیونکہ ۵ اور ۵ دس ہوتے ہین اور ۱۰ اور ۵ پندرہ ہوتے ہین
اور ۱۵ اور ۵ بیس ہوتے ہین اور یہ یاد رکھو کہ متفرق اعداد کا حاصل جمع قاعدہ
ضرب سے حاصل نہین ہو سکتا مثلاً ۱۵ اور ۱۳ ان دو متفرق تعداد کو جو تم قاعدہ ضرب
سے جوڑا چاہو تو کہان ہو سکتا ہے کیونکہ ۱۵ اور ۱۳ کا حاصل جمع ۲۸ ہے اور یہ
ضرب کے قاعدے سے ۱۵ کو کسی عدد مین ضرب دینے سے نہین حاصل ہو سکتا لیکن ۱۵
اور ۱۵ ان دو یکسان عدد کا حاصل جمع قاعدہ ضرب سے نکل سکتا ہے پندرہ دونا
تیس ہوتے ہین اور جوڑنے سے بھی ۱۵ اور ۱۵ تیس ہوتے ہین +

قاعدہ

(۱) اول مضروب کو لکھو پھر اُسکے تلے مضروب فیہ کو اس ترتیب پر لکھو کہ اسکی
اکائی دہائی وغیرہ مضروب کی اکائی و دہائی وغیرہ کے تلے رہین

جسطرح ۳ ۲ ۵ مضروب
۵ ۲ مضروب فیہ

اور مضروب فیہ کے تلے ایک عرضی خط کھینچ دو جسطرح ۳ ۲ ۵ مضروب
۵ ۲ مضروب فیہ

(۲) مضروب فیہ کی اکائی مین مضروب کے ہر ایک ہندسے کو ضرب کرو اور
مضروب کی اکائی سے ضرب کرنا شروع کرو جسطرح ۳ کو ۵ مین ضرب کیا تو ۱۵ ہوئے
اور ۱۵ مین ۱۵ اکائی ہین یا ایک دہائی اور ۵ اکائی ہین اسلئے اکائی ۵ کو اکائی کے تلے
لکھا اور ایک دہائی کو ہاتھہ لگا مان ۲ دہائی کو ۵ مین ضرب کیا تو ۱۰ دہائی ہوئین ہین
ہاتھہ لگی ایک دہائی کو جوڑ دیا تو ۱۱ دہائی ہوئین اور ۱۱ دہائی مین ایک سیکڑا

اور ایک دہائی ہے اس لئے ایک کو دہائی کے مرتبے پر لکھا اور ایک سیکڑے کو
ہاتھہ لگا مان ۵ سیکڑے کو ۵ مین ضرب دیا تو ۲۵ سیکڑے ہوے انمین ہاتھہ لگے ایک
سیکڑے کو جوڑ دیا تو ۲۶ سیکڑے ہوے اور ۲۶ سیکڑے مین ۲ ہزار اور ۶ سیکڑے
ہین اس لیے سیکڑے ۶ کو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا اور ۲ کو ہزار کے مرتبے
پر رکھا اسطرح سے مضروب ۵۲۳ کو ۵ مین ضرب دیا تو ۲۶۱۵ حاصل
ضرب ہوا اسکو عرضی خط کے تلے لکھا

جسطرح ۳ ۲ ۵ مضروب
۲ ۵ مضروب فیہ
۲ ۶ ۱ ۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو ۵ مین

ضرب کرنے سے ملا ابھی مضروب کو دہائی ۲ مین ضرب کرنا باقی ہے +

(۲) بموجب طریق مذکور کے مضروب فیہ کی دہائی مین مضروب کے
تمام ہندسون کو ضرب کرو اور حاصل ضرب کو دہائی کے مرتبے سے لکھنا
شروع کرو + جسطرح

مضروب کی اکائی ۳ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب کیا تو ۶
دہائی ہوئین انکو دہائی کے مرتبے پر لکھا پھر مضروب کی دہائی ۲ کو مضروب فیہ
کی دہائی ۲ مین ضرب دیا تو ۴ سیکڑے حاصل ہوے کیونکہ دس دہام سو ہوتے
ہین یعنی ایک دہائی کو ایک دہائی مین ضرب کرنے سے ایک سیکڑا حاصل ہوتا ہے
اسیطرح دو دہائی کو دو دہائی مین ضرب دینے سے ۴ سیکڑے حاصل ہوتے
ہین اس لیے ۴ کو سیکڑے کے مرتبے پر لکھا پھر مضروب کے سیکڑے ۵ کو
مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب دیا تو ۱۰ ہزار حاصل ہوے اسکو دس ہزار

مرتبے پر لکھا اسطرح سے مضروب ۳۲۵ کو مضروب فیہ کی دہائی ۲ مین ضرب کر حاصل ضرب کو پہلے حاصل ضرب کی دہائی کے تلے سے لکھنا شروع کیا +

جسطرح ۳۲۵ مضروب

۲۵ مضروب فیہ

۲۶۱۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو اکائی ۵ مین ضرب کرنے سے ملا

۱۰۴۶ یہ حاصل ضرب مضروب کو دہائی ۲ مین ضرب کرنے سے نکلا

(۴) اور علی ہذالقیاس اگر مضروب فیہ مین سیکڑے وغیرہ ہون تو انکو مضروب مین ضرب دیکر حاصل ضربون کو اس ترتیب پر لکھو کہ اوپر کے حاصل ضرب کا سب سے داہنا ہندسہ نیچے کے حاصل ضرب کے سب سے داہین ہندسے سے ایک مرتبے داہین طرف بڑھکر رہے پھر تمام حاصل ضربون کو جوڑنی سے جو حاصل جمع ہو وہی حاصل ضرب مطلوب ہوگا اور مضروب فیہ ۲۵ مین کوی سیکڑے کا عدد نہین ہے اس لئے دونون حاصل ضربون کو جوڑا + جسطرح

۳۲۵ مضروب

۲۵ مضروب فیہ

۲۶۱۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو اکائی ۵ مین ضرب کرنے سے ملا +

۱۰۴۶ یہ حاصل ضرب مضروب کو دہائی ۲ مین ضرب کرنے سے نکلا +

۸۱۲۵ یہ حاصل ضرب مضروب کو ۲۵ مین ضرب کرنے سے ملا +

(۵)	(۴)	مثال (۲)
۷۸۰۰۹۴۵	۶۷۸۵۶	مضروب ۳۲۵
۶۳۷	۲۱	مضروب فیہ ۱۲
۵۴۶۰۶۶۱۵	۶۷۸۵۶	حاصل ضرب ۳۹۰۰
۲۳۴۰۲۸۳۵	۱۳۵۷۱۲	(۳)
۴۶۸۰۵۶۷۰	۱۴۲۴۹۷۶	مضروب ۴۳۷۵
۴۹۶۹۲۰۱۹۶۵		مضروب فیہ ۱۶
		۲۶۲۵۰
		۴۳۷۵
		حاصل ضرب ۷۰۰۰۰

مثال دوسری

ضرب کرنیکا طریق

۱۲ ۵ ۶۰ ۶ ۱۲ ۲ ۲۴ ۳۰۶

بارہ پنجے ساٹھ کا صفر ہاتھ لگے چھ وبارہ دونا چوبیس اور چھ تیس

۳ ۱۲ ۳ ۳۶ ۳ ۳۹

کا صفر ہاتھ لگے تین و بارہ تیے چھتیس اور تین انتالیس

مثال تیسری

۵ ۶ ۳۰ ۳ ۷ ۶ ۴۲ ۳

پانچ چھکا تیس کا صفر ہاتھ لگے تین سات چھکا بیالیس اور تین
پینتالیس کے پانچ ہاتھ لگے چار تین چھکا اٹھارہ اور چار بائیس کے دو ہاتھ
لگے دو دو چار چھکا چوبیس اور دو چھبیس و پانچ ایک پانچ و سات ایک

۴ ۱ ۴ ۳ ۱ ۳ ۷

سات و تین ایک تین و چار ایک چار +

مثال پانچوین

۳ ۲۸ ۷ ۳ ۳ ۵ ۳۵ ۷ ۵

پانچ ستے پنتیس کے پانچ ہاتھ لگے تین چار ستے اٹھائیس اور تین

۶۶ ۳ ۶۳ ۷ ۹ ۳ ۱ ۳۱

اکتیس کا ایک ہاتھ لگے تین و نو ستے تریسٹھ اور تین چھاسٹھ و صفر کو

۷ ۶ ۵۶ ۷ ۸ ۵

سات مین ضرب دیا تو صفر ہی رہا آٹھ ستے چھپن کے چھ ہات لگے پانچ

۷ ۵ ۱۵ ۳ ۵ ۵۴ ۵ ۴۹ ۷

وسات ستے اونچاس اور پانچ چون پانچ ستیے پندرہ کے پانچ ہاتھ لگا

۳ ۹ ۱ ۱۲ ۳ ۴ ۱ ۱۳ ۱ ۳

ایک و چار ستیے بارہ اور ایک تیرہ کے تین ہاتھ لگا ایک نو تیسے

۲۸ ۱ ۲ ۷

ستائیس اور ایک اٹھائیس اور اسیطرح عمل ضرب کا جاری رکھو +

اختصار قاعدہ

اگر مضروب اور مضروب فیہ کے دونون اعداد کے اول مین صفر ہون تو اُسکے باقی ہندسون کو آپس مین ضرب کر حاصل ضرب کے داہین طرف اُتنے صفر لکھدو جتنے صفر کہ مضروب اور مضروب فیہ دونون کے اول مین ہون +

جسطرح

۷۵۰۰	مضروب
۹۰	مضروب فیہ
۶۷۵۰۰۰	حاصل ضرب

اور جو صفر مضروب فیہ کے درمیان ہوں تو مضروب فیہ کے ہر ایک
ہندسے ہیں مضروب کو ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہوں انکو اس ترتیب پر
لکھو کہ ہر ایک حاصل ضرب مضروب فیہ کے اس ہندسے کے تلے لکھا جاے
جس ہندسے ہیں مضروب کو ضرب دینے سے حاصل ضرب مذکور نکلا ہو +

جسطرح

٢٧٨٤٥	مضروب
٩٠٤	مضروب فیہ
١١١٣٨٠	
٢٥٠٦٠٥	
٢٥١٧١٨٨٠	حاصل ضرب

مثال

١٣٧٥٤٣٥	مضروب	
٤٥٦٧	مضروب فیہ	
٩٦٢٨٠٤٥		برابر ہے ٧ بار مضروب کے +
٨٢٥٢٦١٠		برابر ہے ٦٠ بار مضروب کے +
٦٨٧٧١٧٥		برابر ہے ٥٠٠ بار مضروب کے +
٥٥٠١٧٤٠		برابر ہے ٤٠٠٠ بار مضروب کے +
٦٢٨١٦١١٦٤٥	حاصل ضرب	برابر ہے ٤٥٦٧ بار مضروب کے +

ضرب کرنے کا پرانا طریق

مضروب	١	٣	٧	٥	٤	٣	٥
٤	٤	١ / ٢	٢ / ٨	٢ / ٠	١ / ٦	١ / ٢	٢ / ٠
٥	٥	١ / ٥	٣ / ٥	٢ / ٥	٢ / ٠	١ / ٥	٢ / ٥
٦	٦	١ / ٨	٤ / ٢	٣ / ٠	٢ / ٤	١ / ٨	٣ / ٠
٧	٧	٢ / ١	٤ / ٩	٣ / ٥	٢ / ٨	٢ / ١	٣ / ٥

٦ ٢ ٨ ١ ٦ ١ ١ ٦ ٤ ٥

اس طریق مین اول مضروب کو ہزار کے عدد ۴ مین ضرب دیا اور مضروب
کے ہندسہ ایک سے ضرب کرنا شروع کیا اور اسیطرح مضروب کو درجہ بدرجہ
مضروب فیہ کے سیکڑے ۵ دہائی ۶ اور اکائی ۷ مین ضرب دیا اور ضرب
کرنے مین اتنا یاد رکھا کہ اکائی کے ہندسے کو ایسے تیڑھے خط کے تلے
لکھا اور دہائی کے ہندسے کو اس خط کے اوپر لکھا آخر کو تیڑھے خطون کے
تلے جو اعداد ہین انکو داہین طرف سے جوڑنا شروع کیا یہی جوڑ حاصل
ضرب مطلوب ہوا +

سوالات

(۱) ۸۶۴۳۵۹۷۳۰۷ کو ۹ مین ضرب دو +

جواب + ۷۷۷۹۲۳۷۵۷۶۳ +

(۲) ۷۳۲۴۶۸۷۵۶ کو ۱۵ مین ضرب دو +

جواب + ۱۰۹۸۷۰۳۱۳۴۰ +

(۳) ۲۷۳۵۸۰۹۶۱ کو ۲۳ مین ضرب دو +

جواب + ۶۲۹۲۳۶۲۱۰۳ +

(۴) ۲۷۵۰۱۹۷۶ کو ۲۷۱ مین ضرب دو + جواب + ۷۴۵۳۰۳۵۴۹۶

(۵) ۸۲۱۶۴۹۷۳ کو ۳۰۲۷ مین ضرب دو + جواب + ۲۴۸۷۱۳۳۷۳۲۷۱ +

(۶) ۶۲۴۷۳۸۶۴ کو ۲۷۳۵۶ مین ضرب دو + جواب + ۱۷۰۹۰۳۵۰۲۳۵۸۴ +

(۷) ۴۶۱۲۰۰ کو ۷۲۰۰۰ مین ضرب دو + جواب + ۳۳۲۰۶۴۰۰۰۰۰ +

(۸) ایک شخص نے ۲۵ لڑکون کو برابر آٹھ آٹھ نارنگی بانٹین تو بتلاؤ کہ اس شخص نے سب ملا کر کتنی نارنگی بانٹی ہونگی جواب + ۲۰۰ نارنگی +

(۹) آٹھ آنہ روز کے حساب سے ۵۰ گاڑی کرایہ کین تو بتلاؤ کہ سب گاڑیون کا کیا دونگا

کتنا بھاڑا ہوا + جواب + ۱۵۰۰ اٹھہ آنے یعنی ۵۰ ۰ ۷ روپیہ +

(۱۰) پینتیس کاڈیون مین پندرہ پندرہ من مال لدا تھا تو بتلاو کہ سب گاڈیون مین کتنے من مال لدا ہوگا + جواب + ۵ ۲ ۵ من +

(۱۱) ایک ساہوکار کا بڑا مکان بنتا تھا اسمین ۲۹ ۵ بیلدار دو آنہ روز پاتے تھے اور ۲۰ ۵ معمار چار آنہ روز پاتے تھے اور ۲۷ بڑھئی ۶ آنہ روز پاتے تھے تو بتلاؤ کہ اس ساہوکار کے مکان کے بنے مین کتنے روپے روز کی مدد جاری تھی +

جواب + ۳۲۹۴ آنہ یعنی ۲۰۵ روپیہ ۱۴ آنہ +

(۱۲) ایک شخص نے اپنی ایسی عادت ڈالی کہ وہ برابر ۸۰ برس تک صبح کے پانچ بجے اٹھتا اور دوسرا شخص برابر ۸۰ برس تک ۸ بجے پر اٹھتا تو بتلاو کہ دوسرے شخص نے ۸۰ برس کے عرصے مین پہلے شخص کی نسبت کتنے گھنٹے زیادہ سونے مین کھوے اور یاد رکھو کہ ایک برس کے ۳۶۵ دن ہوتے ہین + جواب + ۸۷۶۰۰ گھنٹے +

(۱۳) ایک شہر کے علاقے مین ایک بڑی ندی بہتی تھی اور اسپر چار مقام پر پل بندھے تھے اور ایک مستاجر نے چارون پلون کا اجارہ لیا اور ہر ایک مہینے مین ہر ایک پل کی اتروائی یہہ اجارہ کرلیا کہ مین فی پل ۳۳۵ روپے دونگا تو بتلاو کہ اس مستاجر نے تین سال کے عرصے مین کتنے روپے ادا کئے ہونگے +

جواب + ۴۸۲۴۰ روپے

(۱۴) سرکار کمپنی کی طرف سے تعلیم کے باب مین ماہواری ۳۳۰ روپے فی ضلع مقرر ہین تو اس حساب سے ممالک مغربی کے ۳۱ اضلاع مین سالانہ کیا خرچ پڑیگا اور اگر فی ضلع ایک ضلع وزیر ۱۰۰ روپیہ ماہواری کا نوکر

ہو اور فی ضلع مین ۳ پرگنہ وزیٹر فی پرگنہ ۳۰ روپیہ مشاہرہ پر مقرر ہون اور
بحساب اوسط فی ضلع مین ۶ مدرس فی مدرس ۱۵ روپیے کی تنخواہ پر مقرر ہون
علیحدہ علیحدہ سب ضلع وزیٹر اور ہر پرگنہ وزیٹر اور مدرسون کے لئے ایکسال مین
کتنا کتنا خرچ ہوگا + جواب + کل خرچ ۱۳۱ اضلاع کا ۱۲۲۷۹۰ روپیہ
خرچ ضلع وزیٹر و نکا ۲۰۰۰ ۳ روپیے و خرچ مدرسون یا پرگنہ زیٹرونکا ۳۲۴۸۰

تقسیم

جب کہ ایک قسم کے عددین سے اُسی قسم کا چھوٹا عدد جتنے بار کم ہو سکتا ہو
کم کرین تو اس عمل کو تقسیم کرنا کہتے ہین مثلاً ۸ کو ۲ پر تقسیم کرو یا ۸ مین سے ۲ کو جتنی
دفعہ گھٹ سکے گھٹاؤ تو اِن دونون سوالون سے ایک ہی مراد سمجھو ۸ کو ۲ پر تقسیم
کرنے سے ۴ ہوتے ہین کیونکہ ۴ دونا ۸ ہوتے ہین یا ۸ مین سے ۲ کو اول مرتبہ
گھٹایا تو ۶ باقی رہا پھر ۶ مین سے ۲ کو دوسری مرتبہ گھٹایا تو ۴ باقی رہا پھر ۴ مین سے
۲ کو تیسرے مرتبہ گھٹایا ۲ باقی رہا اور پھر ۲ مین سے ۲ کو چوتھے مرتبہ گھٹایا تو کچھ باقی نرہا +
۲۵ آمون کو ۵ لڑکون کے درمیان برابر بانٹنا چاہتے ہین تو بتلاؤ کہ ہر ایک لڑکے
کو کتنے آم ملینگے اب سوچنا چاہیے کہ ۵ کو کتنے گُنا کرین کہ ۲۵ ہو وین پانچ پنجے پچیس
ہوتے ہین اس لئے ہر ایک لڑکے کو پانچ آم دینے چاہین +
۳۷ پیسے ۶ لڑکو نمین برابر بانٹ دو اب خیال کرنا چاہیے کہ ۶ کو کتنے گنا کرین
کہ ۳۷ ہووین چھہ چھکا چھتیس ۳۶ ہوتے ہین اس لئے ہر ایک لڑکے کو چھہ پیسے دینے
چاہین اور باقی جو ایک پیسا رہا اُسمین ۶ لڑکونکا حصہ لگا رہا +
۱۰۲ روپیون کو برابر ۱۷ آدمی مین بانٹ دو +
سترہ چھکا ایک سَو دو ۱۰۲ اس لئے ہر ایک آدمی پیچھے ۶ روپے پڑے +
۱۲۶ آنہ ۱۸ آدمیون مین برابر تقسیم کر دو +

اٹھارہ سے ایک سو تہتیس اسلیے ہر ایک آدمی کو دو آنے ملنے چاہیں

جس عدد کو تقسیم کرنا ہو اُسے مقسوم کہتے ہیں اور جسپر مقسوم تقسیم کیا جاتا ہے اُسے مقسوم علیہ بولتے ہیں اور جتنی بار کہ مقسوم علیہ مقسوم میں جا سکتا ہو یعنی منہا ہو سکتا ہو اس تعداد کو خارج قسمت کہتے ہیں +

اور اگر تقسیم کرنیکے بعد مقسوم میں سے کچھ ایسا حصہ باقی رہ جاسے جسمیں مقسوم علیہ ایکبار بھی نہ گھٹ سکے تو اس حصے کو باقی کہتے ہیں

قاعدہ

مقسوم کی داہنی اور بائیں طرف ایسے) دو ٹیڑھے خط کھینچ لو اور مقسوم علیہ کو مقسوم کی بائیں طرف لکھو + جسطرح ۱۲۳۴۵۶ مقسوم (۶۵ مقسوم علیہ

(۲) مقسوم کے جتنے بائیں ہندسوں میں مقسوم علیہ ایک سے لیکر ۹ تک جتنی بار کم ہو سکتا ہو یعنی جتنے ہندسے مقسوم علیہ میں ہوں اُتنے بائیں ہندسے مقسوم کے لیکر دیکھو کہ اُنمیں مقسوم علیہ کتنی دفعہ گھٹ سکتا ہے جو ایکبار بھی نہ گھٹ سکے تو مقسوم کا ایک اور بائیں ہندسہ لیکر دیکھو کہ ان سب ہندسوں میں مقسوم علیہ کتنی دفعہ گھٹ سکتا ہے اُس تعداد کو مقسوم کے داہنی طرف لکھو تعداد مذکور کی دریافت کرنیکا یہ قاعدہ ہے دیکھو کہ مقسوم علیہ کو ایک سے لیکر ۹ تک کس ہندسے میں ضرب کرنے سے حاصل ضرب مقسوم کے ہندسوں مذکور کی تعداد کے برابر یا قریب برابر ہوتا ہے جسطرح مقسوم کے ۱۲۳ ہندسوں میں مقسوم علیہ ۶۵ ایکبار جا سکتا ہے تو ایک کو مقسوم کے داہنی طرف بٹھایا

۱۲۳۴۵۶ مقسوم (۶۵ مقسوم علیہ (۱

(۳) اور اُس عدد میں مقسوم علیہ کو ضرب دینے سے جو حاصل ضرب ہو اُسے مقسوم کے بائیں ہندسوں مذکور سے منہا کرو اور باقی عدد کے داہنی طرف مقسوم کے ایک اور بائیں ہندسے لو لکھ دو اُسے نیا مقسوم مانو جسطرح ۶۵ کو ایک میں ضرب دیا تو ۶۵ ہوئے

اُسے ۱۲۳ مین سے گھٹایا تو ۵۸ باقی رہا اُسکے داہین طرف مقسوم کا ہندسہ ۴ اُتار کر رکھا تو ۵۸۴ ہوئے یہ نیا مقسوم ہوا

مقسوم علیہ ۶۵) ۱۲۳۴۵۶۷ (۱

$$\frac{۶۵}{۵۸۴}$$

(۴) نئے مقسوم کو بطریق مذکور کے مقسوم علیہ پر تقسیم کرو اور جو خارج قسمت حاصل ہوا سے اول ہندسہ خارج قسمت مذکور کے داہین طرف لکھو جسطرح ۵۸۴ مین ۶۵ اٹھہ دفعہ گھٹ سکتا ہے اسلئے ۶۵ کو ۸ مین ضرب دیا تو ۵۲۰ ہوئے اُسے ۵۸۴ مین سے گھٹایا تو ۶۴ باقی رہا اسکے داہین طرف مقسوم کا ہندسہ ۵ اُتار کر رکھا تو ہوئے ۶۴۵ یہ نیا مقسوم ہوا +

۶۵) ۱۲۳۴۵۶۷ (۱۸

$$\begin{array}{r} ۶۵ \\ \hline ۵۸۴ \\ ۵۲۰ \\ \hline ۶۴۵ \end{array}$$

(۵) مگر یہ خیال رکھو کہ جو نئے مقسوم مذکور مین مقسوم علیہ ایکبار بھی کم نہو سکے تو اول ہندسہ خارج قسمت مذکور کے داہین طرف ایک صفر رکھدو اور نئے مقسوم کے داہین طرف مقسوم کا ایک اور داہنا ہندسہ اُتار لو اور اُس مقسوم کو معہ اس ہندسہ کے نیا مقسوم مان کر خارج قسمت لے لو اور اسیطرح یہ عمل وہان تک جاری رکھو جہان تک کہ تمام ہندسے مقسوم کے باقیون کے داہین طرف اُتار دئے جاوین +

